3rd Round of India-Palestine Foreign Office Consultations

September 10, 2020

ہندوستان - فلسطین دفتر خارجہ کے باہمی مشاورت کا تیسرا دور

10 ستمبر، 2020

ہندوستان – فلسطین کے دوطرفہ دفتر خارجہ کے مشوروں کا تیسرا دور 10 ستمبر 2020 کو ویڈیو کانفرنس کے ذریعے منعقد ہوا، جس کی قیادت سکریٹری (سی پی وی اور او آئی اے) جناب سنجے بھٹاچاریہ، اور فلسطین کے نائب وزیر خارجہ ڈاکٹر امل جادو شاکا نے کی۔

2۔ دونوں فریقین نے دوطرفہ تعلقات کا جامع جائزہ لیا، اور نومبر 2016 میں رام اللہ میں منعقدہ جوائنٹ کمیشن کے اجلاس میں اور فروری 2018 میں وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے تاریخی دورے کے دوران طے پانے والے فیصلوں پر حاصل پیشرفت کا بھی جائزہ لیا۔

3۔ فلسطین کے مسئلے کے لئے ہندوستان کی اصولی اور مستقل حمایت کی توثیق کرتے ہوئے، سکریٹری (سی پی وی اور او آئی اے) نے اسرائیل اور فلسطین کے مابین براہ راست مذاکرات کی جلد از جلد بحالی کے ذریعے فلسطین کی ایک خود مختار، آزاد، قابل عمل اور متحدہ ریاست کے حصول کے لئے امید کا اظہار کیا، جو کہ تسلیم شدہ اور محفوظ سرحدوں کے اندر اسرائیل کے پہلو میں رہتے ہوئے اس کےساتھ امن میں رہے۔

4۔ دونوں فریقین نے کووڈ -19 کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، اور اس وبائی ماض سے لاحق عام صحت اور معاشرتی واقتصادی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے اٹھائے جانے والے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ ڈاکٹر شکا نے کووڈ سے متعلق طبی امداد اور وندے بھارت مشن پروازوں کے ذریعے ہندوستان میں پھنسے فلسطینیوں کی وطن واپسی پر ہندوستان کا شکریہ ادا کیا۔

5۔ انہوں نے فلسطین میں جاری 8 جاری منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا جس پر 59 ملین ڈالر کی مجموعی گرانٹ کے تحت عمل درآمد کیا گیا، اور جہاں ممکن ہو وہاں ان کی تیزی سے عمل درآمد کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ ان منصوبوں میں تین اسکولوں کی تعمیر، ایک آئی ٹی پارک، خواتین کو با اختیار بنانے کا ایک مرکز، ایک سفارتی انسٹی ٹیوٹ، اور ایک سپر اسپیشلیٹی اسپتال اور ان کے قومی پرنٹنگ پریس کے لئے سامان کی فراہمی شامل ہیں۔ دونوں فریق آئندہ ہفتوں میں کچھ منصوبوں کی ٹائم لائن میں توسیع کے لئے اضافی پروٹوکول پر دستخط کریں گے۔

6۔ تعلیم اور صلاحیت میں اضافے کا تعاون ہندوستان فلسطین تعلقات کا ایک اہم حصہ ہے۔ سالانہ دیئے جانے والے آئی ٹی ای سی کے 150 سیٹوں اور 100 آئی سی سی آر اسکالرشپ کے علاوہ، حکومت ہند فلسطینی سرکاری عہدیداروں کے لئے متعدد خصوصی تربیتی پروگراموں کو آرگنائز کا

اہتمام کررہی ہے۔ ہندوستانی فریق نے فلسطینی طلباء کو نرسنگ، فارمیسی، پیتھالوجی، پیرامیڈکس، وغیرہ کے ڈگری کورسز کے لئے اور ہندوستانی اسپتالوں میں ان کے ڈاکٹروں کے لئے انٹرنشپ پروگراموں کے لئے اسکالرشب کی پیش کش کی۔

7۔ بھارتی وزارت خارجہ، تلونیا کے بیرفٹ کالج میں فلسطینی شمسی ماما کی تربیت کی مزید کفالت کرے گی، اور بھگوان مہاویر وِکلاگ سہایتا سمیتی (بی ایم وی ایس ایس) کی شراکت داری سے رام اللہ میں مصنوعی اعضا کی فٹنس کیمپ لگائی گی، اور فلسطینی فریق کے تقاضوں کے مطابق متعدد فوری اثر انداز ہونے والے معاشرتی منصوبے شروع کرے گی۔

8۔ دونوں فریقین نے وسیع تر مغربی ایشیاء خطے کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ سکریٹری (سی پی وی اور او آئی اے) نے ڈاکٹر شاکا کو ہندوستان کے پڑوس میں ہونے والی پیشرفت سے آگاہ کیا۔

9۔ انہوں نے باضابطہ دوروں کے تبادلے اور بین الاقوامی فورم کے حاشیے پر باہمی ملاقاتوں کے ذریعے تعلقات میں بڑھنے کی رفتار کو جاری رکھنے کی اہمیت پر اتفاق کیا۔

10۔ ڈاکٹر شاکا نے دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت کے چوتھے دور کے لئے سیکرٹری (سی پی وی اور او آئی اے) کی اگلے سال ہندوستان آنے کی دعوت قبول کی۔

نئی دہلی

10 ستمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.